





حقیقی نور وہ تھا جو دنیا میں آکے ہر ایک آدمی کو روشن کرتا ہے۔

نمبر ۴۲ جلد ۱۲ — لودیانہ ۱۵- اکتوبر ۱۸۸۵ء — قیمت فی پرچہ ۶ پائی

گلدستۂ اخبارات

روس کا کمشنر ہماری سرحدی کمیشن کے ساتھ بات چیت کرنے کے لئے روانہ ہو گیا ہے۔ **امیر** کابل کی بابت ولایت کے وزیروں نے صاف صاف بیان کیا ہے کہ ہمکو اب امیر صاحب پر کامل بھروسہ ہے۔ **سرکار** انگریزی اور شاہ برہما کے معاملات سخت ہوتے جاتے ہیں۔ **سلطان** روم نے اپنے بحری وزیر کو حکم دیا ہے کہ بہت جلد جہازوں کو ایک جگہ جمع کیا جاوے تاکہ موجودہ بغاوت کا قرار واقعی انسداد عمل میں آوے۔ **ہرات** میں جنگی تیاریوں کا زور شور ہے مگر اُسپر وہاں کی رعایا پھر بھی کچھ فکرمند نہیں بلکہ خوش ہے۔ **لنڈن** کے ٹائمز اخبار کا ایک کارسپانڈنٹ جو روم میں رہتا ہے اُسکی بابت سلطان روم نے حکم جاری کیا ہے کہ اُسکو ہمارے ملک سے فوراً نکالدو۔ **سیام** کے ملک کے ہمیشہ سے دو بادشاہ مقرر ہوا کرتے تھے اب چونکہ اُنمیں سے ایک مرگیا ہے اسلئے تجویز ہو رہی ہے کہ اب صرف سیام کے لئے ایک ہی بادشاہ کافی ہوگا۔ **کلکتہ** میں ایک اور بحری طوفان آیا تھا جو تھوڑے عرصہ کے بعد رفع دفع ہوگیا۔ **تازہ** خبر آئی ہے کہ سلطان روم نے اُصولاً بلگیریا اور رومیلیا کے الحاق کو مان لیا ہے۔ **چلیش** کی فوج نے سوڈانیوں پر کامل فتح پائی ہے اور وہاں کے چند سرداروں کو بھی گرفتار کر لیا ہے۔ **معلوم** ہوا ہے کہ روس والوں کا ارادہ ہے کہ چین کے صوبہ سیمہ پر قبضہ کر لیا جاوے مگر چینی اب روس کے برخلاف ہیں اور قبضہ نہیں ہونے دیتے ہیں۔ **سُنا** گیا ہے کہ ہوشیارپور اور جالندھر کے مقدمات گاؤکشی کی اطلاع حضور نواب لفٹننٹ گورنر بہادر پنجاب کو بھی دیگئی ہے۔ **خبر** ہے کہ حیدرآباد کے نواب صاحب نے اہل ہنود کو حکم دیا ہے کہ دسہرہ کا تہوار شان و شوکت کے ساتھ مت مناؤ۔ **انتظام** کیا گیا ہے کہ بہت جلد ہندوستانی فوجوں کو ہنری مارٹین بندوقیں دیجاویں۔ **برلن** میں ایک کانفرنس تاربرقی کی بابت اجلاس کر رہی ہے اور تجویز ہو رہی ہے کہ بحری محصول ہندوستان کے اخبارات سے کم لیا جاوے۔ **ہرات** کے سرداروں کو اب ہرگز یقین نہیں ہے کہ روسیوں اور انگریزوں کے درمیان خیر کے ساتھ صلح ہو جاوے گی۔ **حیدرآباد** سے ۵- جوان مسلمان بغرض تعلیم لنڈن کی طرف روانہ ہوئے ہیں۔ **مہاراجہ** صاحب دلیپ سنگھ شروع ۱۸۸۶ء میں ولایت سے ہندوستان کیطرف روانہ ہونگے۔ **وسط** ایشیا سے خبر آئی ہے کہ روسی ہرر وزدو میل تک ریل تیار کرلیتے ہیں۔ **قندھار** کے افسران کے پاس حکم پہنچا ہے کہ بہت جلد چند توپیں ہرات کی جانب روانہ کیجاویں۔ **حکم** ہوا ہے کہ جو لوگ فوج کے واسطے رنگروٹ لاوینگے اُسی فوج میں عمدہ عہدہ پاوینگے۔ **روم** کا جو وزیر اب موقوف کیا گیا ہے وہ ہماری سرکار انگریزی کا اشد مخالف تھا۔ **چین** نے روسیوں کو اپنی سرحد میں داخل ہونے سے روک دیا ہے اور حکم جاری کیا ہے کہ کوئی روسی ہماری سرحد میں نہ آوے۔ **پختہ** خبر آئی ہے کہ اگر شاہ برہما نے سرکار انگریزی کی نصیحت پر عمل نہ کیا تو ضرور ملک برہما پر قبضہ کر لیا جاویگا۔ **ڈاک** اور تار کے محکمہ کو ایک کر دینے کی تجویز آجکل شملہ پر ہو رہی ہے ✣